© rasailojaraid.com

# دارالعلوم حقانیہ ــــــ اور آپ کا دینی فریضہ

دارالعلوم حقانیہ اسلامی تعلیم و تربیت کی پاکستان میں بین العلاقائی درسگاہ ہے۔ جو مادیت اور الحاد مغربی تہذیب اور دینی و اخلاقی فتنوں کے اس طوفانی دور میں اسلامی دماغ و فکر کی بلندی پر عرصہ ۲۷ سال سے مذہبی علوم و فنون کا پرچم لہرا رہی ہے۔ اس مختصر عرصہ میں اس کے علمی انوار و برکات سے ملک کا گوشہ گوشہ منور ہوا جو محض حق تعالیٰ کا فضل اور معاونین و اراکین کی مخلصانہ توجہات اور انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اور آج بفضلہ تعالیٰ (تحدیثاً بالنعمۃ) اس مدرسہ کو پاکستان کے مثالی دارالعلوم ہونے کا فخر حاصل ہے۔ اس سے بعض شعبوں کا اجمالی تعارف پیش ہے۔

۱۔ شعبہ تعلیم القرآن :ــــ (مڈل) جو عرصہ ۲۸ سال سے مسلمان بچوں کو عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآن مجید عربی اور دینی ضروریات کی تعلیم دے رہا ہے۔ اس شعبہ میں ۵۵۰ بچے ۱۲ اساتذہ کی نگرانی میں تعلیم پا رہے [illegible] آئندہ اسے ہائی تک بڑھایا جا رہا ہے۔ ۲۔ شعبہ دارالعلوم :ــ اس شعبہ میں پاکستان اور ریاست ہائے ملحقہ، آزاد قبائل، افغانستان تک کے تقریباً چھ سو طلبہ جید ممتاز علماء سے اسلامی علوم و فنون حاصل کر رہے ہیں۔ ۳۔ شعبہ افتاء اس کا کام ملک بھر سے آئے ہوئے اہم دینی مسائل کے جوابات دینا ہے۔ اب تک تقریباً پندرہ ہزار فتاویٰ جاری ہو چکے ہیں۔ ۴۔ شعبہ تبلیغ و اشاعت :۔ (الف) وعظ و تبلیغ ــ (ب) وقتاً فوقتاً ایک عظیم تبلیغی جلسہ کا انعقاد۔ (ج) مختلف رسائل، پمفلٹ اور ماہوار مجلہ الحق کی اشاعت ۵۔ شعبہ حفظ القرآن والقراۃ۔ ۶۔ شعبہ اردو۔ ۷۔ شعبۂ خط و کتابت۔ ۸۔ امتحانات و انتظامات ــ ۹۔ تعمیرات۔ ۱۰۔ کتب خانہ۔ ۱۱۔ مطبخ وغیرہ کے مختلف شعبے مصروفِ کار ہیں۔ سالِ رواں کے لازمی اخراجات کا میزانیہ ساڑھے تین لاکھ سے متجاوز ہے۔ جبکہ آمدنی کے لحاظ سے اس میں خسارہ ہے۔

تعمیرات کی فوری ضرورت :ــــ دارالعلوم کو فوری طور سے کئی دارالاقامون (ہاسٹلز) دارالتصنیف، دارالافتاء، کتب خانہ، وغیرہ کی تعمیر کی شدید ضرورتیں درپیش ہیں جنہیں تو کلاً شروع کیا گیا ہے۔ مگر ان پر کم از کم پندرہ لاکھ روپے لاگت کا تخمینہ ہے۔ درد مند اہل خیر مسلمانوں سے پر زور استدعا ہے کہ اس ماہ رجب و رمضان میں اس نشرگاہِ علوم کی ضروریات کیطرف خصوصی توجہ فرمائیں۔ اور اپنی پاک کمائی سے زکوٰۃ، صدقات، خیرات و عطیات کا ایک حصہ بذریعہ ڈاک بھیج کر اس نشرگاہِ علوم قرآن و سنت کے عظیم تعلیمی و تعمیری سالانہ بجٹ کو پورا فرما دیں جو خسارے سے چل رہا ہے۔ وما تقدموا لانفسکم من خیر تجدوہ عند اللہ۔

ترسیلِ زر کا پتہ: حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور۔ پاکستان

منجانب: اراکین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور۔ پاکستان

© rasailojaraid.com